نام کتاب: اتباع سنت اور مذہب حنفیت مصنف: مولانا مفتی غلام قادر نعمانی۔نگران شعبہ تخصص وافتاء جامعہ حقانیہ
ضخامت: 530 صفحات قیمت -/260 روپے
ناشر: مؤتمر المصنفین دار العلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک نوشہرہ صوبہ سرحد

اس پُرفتن دور میں جبکہ ہر طرف سے اسلام کے خلاف سامراجی قوتیں اور اسلام دشمن طاقتیں مصروف کار اور برسرپیکار ہیں۔ضرورت اس بات کی تھی کہ امت مسلمہ یک جاں و یک زباں ہوکر ان قوتوں کے خلاف سینہ سپر ہو جاتی، لیکن صد افسوس کہ مسلمانوں کے درمیان مسلکی اختلاف کی خلیج اتنی وسیع ہوگئی ہے کہ اس کا ختم کرنا اب کارے دارد کے مصداق ہے۔

ایک عرصہ سے برصغیر کے غیر مقلدین حضرات نے بالخصوص احناف کثر اللہ سوادھم کے خلاف جو مخالفانہ مہم چلا رکھی ہے اور مختلف قوتیں بھی وقتاً فوقتاً نئے مسائل میں مسلمانوں کو الجھا کر ان کو دین سے بیزار کرا رہی ہیں۔

زیر تبصرہ کتاب میں دار العلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کے استاذ اور مفتی مولانا غلام قادر نعمانی نے ان مسائل کو جن کو غیر مقلدین حضرات بڑے شدومد کیساتھ اچھال کر اتحاد و یگانگت کی فضا کو افتراق وانتشار اور تفریق کی جانب دھکیلنے کی کوشش کررہے ہیں۔ان سے بحث کی گئی ہے مثلاً (۱) اتباع صحابہ رضوان اللہ علیہم (۲) مسئلہ تقلید (۳) عبادات یہ وہ اہم مسائل ہیں جن کے بارے میں غیر مقلدین عام مسلمانوں کے دلوں میں شکوک وشبہات پیدا کرا رہے ہیں۔فاضل مؤلف نے ان تینوں مسائل سے انتہائی محنت عرقریزی اور دلائل وبراہین کے ساتھ بحث کی ہے۔ اور غیر مقلدین نے جتنے بھی اعتراضات اس بارے میں احناف پر کیئے ہیں ان سب کا شافی اور مثبت جواب دیا ہے۔اور یہ ثابت کیا ہے کہ اتباع صحابہ ہدایت ہے، گمراہی اور ضلالت نہیں۔تقلید اطاعت ہے، شرک و بدعت نہیں۔ احناف کے اعمال سنت کے موافق ہیں مخالف نہیں۔مؤلف کی کوششوں کا پتہ خود بخود مطالعہء کتاب سے معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے ہر مسئلے کیلئے کتنے دلائل پیش کئے ہیں۔مثلاً قرأۃ خلف الامام نہیں کرنی چاہیے اس مسئلہ پر ۷۸ دلائل پیش کیئے ہیں۔تکبیر تحریمہ کے علاوہ نماز میں رفع یدین نہیں ہے، اس مسئلے پر ۵۶ دلائل پیش کئے ہیں اور دلائل پیش کرنا میں اصول فقہ کی ترتیب کو مدنظر رکھا ہے یعنی پہلے قرآن کریم کی آیت پھر حدیث نبوی ﷺ پھر صحابہ کرامؓ کے آثار پھر قیاس شرعی۔

کتاب کے آخر میں ''مجلس واحد میں تین طلاق اور علماء عرب کا متفقہ فیصلہ'' کے زیر عنوان عربی میں ایک قیمتی مقالہ سپرد قلم کیا ہے جس میں اس مسئلہ کے تمام پہلوؤں کو اجاگر کیا گیا ہے۔اپنے مسلک کے ساتھ مضبوط وابستگی کے لئے ضروری ہے کہ ہر طالب علم اس قیمتی علمی کتاب کو اپنے ساتھ رکھے اور اپنی لائبریری کی زینت بنائے۔